## صدر آصف علی زرداری کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو، ایم کیوایم کی ریلی کی مبارکباد پیش کی

## محاذ آرائی کی اس فضاء میں آپ نے افہام وتفہیم کی جو بات کی ہے اور ملک کی سلامتی، یکجہتی اور استحکام کیلئے مفاہمت کیلئے جو فراخدلانہ پیشکش کی ہے وہ قابل تعریف ہے۔صدر آصف زرداری کی الطاف حسین سے گفتگو

## سابق صدر پرویز مشرف نے بھی الطاف حسین کو فون کرکے ایم کیوایم کی شاندار ریلی پر مبارکباد پیش کی

## آپ نے ملک کو محاذ آرائی کی فضاء سے نکالنے کیلئے جن مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے وہ خوش آئند ہیں، پرویز مشرف

## اگر سیاسی رہنما اس پر عمل کرلیں تو ملک مسائل سے نکل جائے گا۔پرویز مشرف کی الطاف حسین سے گفتگو

## وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سندھ کے سینئر وزیر ڈاکٹر پیر مظہر الحق، وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا اور دیگر شخصیات کی بھی الطاف حسین کو تاریخی ریلی پر مبارکباد

لندن۔۔2مارچ 2009ء۔۔۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو فون کرکے گزشتہ روز کراچی میں ایم کیوایم کی ریلی کی مبارکباد پیش کی اور اسے تاریخی ریلی قرار دیا اور ریلی سے جناب الطاف حسین کی تقریر کو بہت سراہا۔صدر آصف زرداری نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ محاذ آرائی کی اس فضاء میں آپ نے افہام وتفہیم کی جو بات کی ہے اور ملک کی سلامتی، یکجہتی اور استحکام کیلئے مفاہمت کیلئے جو فراخدلانہ پیشکش کی ہے اور جن مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے وہ قابل تعریف ہیں اور تمام محبّ وطن پاکستانی اس کو سراہ رہے ہیں۔صدر آصف زرداری نے جناب الطاف حسین کو ان کی مثبت کوشش پر مبارکباد پیش کی اور ان سے موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی گفتگو کی۔سابق صدر پرویز مشرف نے بھی جناب الطاف حسین کو فون کرکے انہیں ایم کیوایم کی شاندار ریلی پر مبارکباد پیش کی۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ نے ملک کو محاذ آرائی کی فضاء سے نکالنے کیلئے جن مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے وہ خوش آئند ہیں اور اگر سیاسی رہنما اس پر عمل کرلیں تو ملک مسائل سے نکل جائے گا اور سب ملک کی ترقی، یکجہتی اور استحکام کیلئے کام کرسکیں گے۔ وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سندھ کے سینئر وزیر ڈاکٹر پیر مظہر الحق، وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا اور دیگر شخصیات نے بھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو تاریخی ریلی پر مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کے کارکنوں نے 22 گھنٹوں کے قلیل نوٹس پر کراچی میں تاریخی ریلی منعقد کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ ناممکن کو ممکن بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔الطاف حسین

## جس جماعت میں ایسے کارکنان ہوں اسے کسی بھی صورت میں ختم نہیں جاسکتا۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کے تمام ونگز اور شعبہ جات کے ارکان اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو

لندن۔۔2مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنوں نے 22 گھنٹوں کے قلیل نوٹس پر کراچی میں تاریخی ریلی منعقد کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ ناممکن کو ممکن بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کے تمام ونگز اور شعبہ جات کے ارکان اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے ریلی کے شاندار انتظامات کرنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، تمام تنظیمی کمیٹیوں، یونٹوں، سیکٹروں کے ذمہ داران وکارکنان زبردست خراج تحسین اور شاباش کے مستحق ہیں۔انہوں نے ریلی کے انتظامات کے سلسلے میں کردار ادا کرنے پر حق پرست نمائندوں کو بھی زبردست خراج پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان نے محنت ولگن سے 22 گھنٹوں کے مختصر نوٹس پر کامیاب اور پرامن ریلی کا انعقاد کرکے ایک بار پھر ثابت کردیا ہے کہ وہ جنات ہیں اور جس جماعت میں ایسے کارکنان ہوں اسے کسی بھی صورت میں ختم نہیں جاسکتا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور تمام ونگز اور نائن زیرو کے شعبہ جات کے ارکان نے جناب الطاف حسین کو ایم کیوایم کی ریلی کی کامیابی کی مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیو ایم کے زیر اہتمام کراچی میں مختصر نوٹس پر منعقد کی جانے والی ریلی کو تاریخی بنانے پر عوام سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تشکر

## تاریخی ریلی میں تمام قومیتوں، برادریوں اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لاکھوں عوام نے شرکت کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں پوری طرح متحد و منظّم ہیں۔ رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔2 مارچ 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے زیر اہتمام گزشتہ روز کراچی میں مختصر نوٹس پر منعقد کی جانے والی ریلی کو تاریخی بنانے پر تمام عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ 22 گھنٹوں کے نوٹس پر منعقد کی جانے والی اس تاریخی ریلی میں تمام قومیتوں، برادریوں اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لاکھوں عوام نے شرکت کر کے اور اس ریلی کو کامیاب بنا کر ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں پوری طرح متحد و منظّم ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے ریلی کو کامیاب بنانے پر قوم کی تمام ماؤں، بہنوں، نوجوانوں، بزرگوں اور بچوں سے اظہار تشکر کیا۔ رابطہ کمیٹی نے ریلی میں شرکت کرنے پر تمام مسالک سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کا بھی دلی شکریہ ادا کیا۔ رابطہ کمیٹی نے 22 گھنٹوں کے قلیل نوٹس پر اس تاریخی ریلی کے انتظامات کرنے پر یونٹوں، سیکٹروں اور تمام تنظیمی شعبوں کے کارکنان و ذمہ داران کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد ارشد فیصل آباد میں انتقال کر گئے، الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔2، مارچ 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم B-5 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد ارشد فیصل آباد میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 50 سال تھی وہ کینسر کے مرض میں مبتلا تھے۔ مرحوم کے سوگواران میں 5 بیٹیاں اور 4 بھائی شامل ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محمد ارشد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد ارشد مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے بھی محمد ارشد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیو ایم کے تحت ایم اے جناح روڈ پر منعقدہ فقید المثال احتجاجی و مذمتی مظاہرہ ملک کی سلامتی کا ضامن ثابت ہوگا

## ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں مظاہرے کی کامیابی پر موصول ہونے والے پیغامات

کراچی۔۔۔2، مارچ 2009ء۔۔۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے پاکستان پیپلز پارٹی کی شہید چیئر پرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی راولپنڈی میں یادگار کو تباہ کرنے کے خلاف ایم اے جناح روڈ پر منعقدہ مذمتی اور احتجاجی مظاہرے کی کامیابی پر زبردست مبارکباد دی ہے اور فقید المثال مظاہرے کی کامیابی کو ملک کی سلامتی کا ضامن قرار دیا ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون، ای میل اور فیکس کے ذریعے موصول ہونے والے پیغامات میں تاجروں، علمائے کرام، اساتذہ، طلباء، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء اور صحافیوں نے اپنے تاثرات میں کہا کہ ملک کی نازک صورتحال میں افہام و تفہیم اور مذاکرات کا راستہ اپنایا جائے کیونکہ ملک مزید کسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے احتجاجی مظاہرے سے اپنے فکر انگیز خطاب میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے اگر ان پر عمل کیا جائے تو ملک و قوم بڑے بحران سے نکل سکتی ہے اور جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں جس نرم لہجہ اور رویئے کا ظہار کیا ہے شریف برادران کو بھی اس کا مثبت جواب دینا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاجی مظاہرے میں لاکھوں عوام کی شرکت، میاں برادران کو درست اور ملک و قوم کے مفادات میں فیصلے کرنے کیلئے انتہائی مدد فراہم کریگی۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے بینظیر شہید کی یادگار کی بے حرمتی کے خلاف مختصر نوٹس پر بڑا احتجاجی جلسہ منعقد کر کے سگے محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے بھائی ہونے کا حق ادا کر دیا ہے اور ثابت کر دیا ہے کہ وہ سندھ دھرتی کے سچے سپوت ہیں اور سندھ دھرتی سمیت ملک و قوم پر آنے والے کسی بھی نازک مرحلے میں عملی اور مثبت کردار ادا کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## ایم اے جناح روڈ پر احتجاجی مظاہرے میں لاکھوں کی تعداد میں عوام کی شرکت نے ثابت کردیا کہ وہ ملک کی سالمیت کے خلاف کسی اقدام کی ہرگز حمایت نہیں کریں گے،طیب حسین ہاشمی

### لیاری میں ایلڈ رز ونگ کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔2، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ایلڈ رز ونگ کے انچارج طیب حسین ہاشمی نے کہا ہے کہ بینظیر کی یادگار کی بے حرمتی اور توڑ پھوڑ کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب ایم اے جناح روڈ کراچی میں کیا جانے والے مذمتی اور احتجاجی مظاہرے میں لاکھوں کی تعداد میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ ملک کی سالمیت کے خلاف کسی بھی اقدام کی ہرگز حمایت نہیں کرسکتے اور مظاہرے کی فقیدالمثال کامیابی نے دنیا پر واضح کردیا ہے کہ ملک کے عوام جمہوریت کا تسلسل چاہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیاری میں ایلڈ رز ونگ کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ایلڈ رز ونگ کی مرکزی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔طیب حسین ہاشمی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ باشعور عوام کو بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور ہر اس عمل کی مذمت کرنی چاہئے جس سے بغاوت اور سول نافرمانی کی بو آتی ہو۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے خلاف فیصلہ سپریم کورٹ نے دیا ہے اور اس فیصلے پر عدلیہ سے رجوع کرنے کے بجائے عوام کو سڑکوں پر لانا اور پرتشدد احتجاجی مظاہروں کی تبلیغ کرنا عوام کو تقسیم کرنے کے مترادف کی جس کی ہر محبّ وطن شخص کو مذمت کرنی چاہئے۔طیب ہاشمی نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ حالات پر گہری نگاہ رکھیں اور لوگوں کو حقائق سے آگاہ کرنے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن،فیڈرل بی ایریا سیکٹرز،ابراہیم حیدری یونٹ،کورنگی ٹاؤن یوسی 1 کے نائب ناظم،شکار پور اور ٹنڈ والہ یار زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔2، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ B کے شہید کارکن الطاف کے والد حاجی ہاشم،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن صادق غنی منصوری کے والد عبدالغنی منصوری،ایم کیوایم ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن زاہد حسین کے بھائی احمد حسین،کورنگی ٹاؤن بلال کالونی یوسی 1 کے حق پرست نائب یوسی ناظم ریاض الحسن کی والدہ محترمہ جعفری بیگم،ایم کیوایم شکار پور زون کے کارکن عبدالنبی کی والدہ محترمہ اور ایم کیوایم ٹنڈ والہ یار زون یونٹ 1B کے کارکن احترام الدین کے والد اسلام الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

☆☆☆☆☆